حضور وہ یہ۔۔۔گارڈ نے ابھی اتنے ہی الفاظ منہ سے نکالے تھے کہ ایک اور ٹی وی کی گاڑی بلکل ان کے گیٹ کی سیدھ میں رکی۔۔۔۔

وہ بھاگ کر گیٹ بند کرنے لگا تھا۔۔۔۔

!"شکر اللہ کا کھانا ملا۔۔۔۔۔۔

لیکن باہر گارڈز اور عامر کے سامنے جا کر کھایا تو ہماری عزت۔۔۔۔۔وہ ایک سیکنڈ کے لیے رکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔"!!!!وہ چادر کے نیچے کھانا چھپا کر باہر کی طرف آ رہی تھی۔۔۔۔۔!"

!"کریم باپ اور اس شخص دونوں کو ہنستے ہوئے باتیں کرتا دیکھ کر رو پڑا جیسے وہ دونوں ایک دوسرے کو صدیوں سے جانتے ہوں۔۔۔ !"

"وہ اس شخص کو اپنے گھر یہ کہہ کر لے آیا تھا کہ اس کا باپ شرم اور ایک فاصلہ کے تحت کچھ باتیں ہم سے شیئر نہیں کرتا اس کو زندگی کے اس وقت میں کسی دوست کی ضرورت ہے اور بہت کوشش کے باوجود بھی وہ ہم بچوں سے اپنے دل کی بات نہیں کہتا۔۔۔کہتا ہی نہیں اور آپ بھی کسی ایسے دوست کی تلاش میں نہں ہیں تو کم سے

کم آپ کو ضرورت ہے اس لیے میں چاہوں گا کہ آپ میرے ساتھ میرے گھر چلیں۔۔۔اور میرے ساتھ چلیں آپ

میرے باپ کی جگہ ہی ہیں آپ کو کبھی کوئی تکلیف نہیں ہو گی۔۔۔۔۔۔ !"

وہ۔ شخص پہلے کریم کی باتیں سنتا رہا اور پھر بغیر کچھ بولے اٹھ کھڑا ہوا اور کریم کے ساتھ چلنے کا اشارہ کیا۔۔۔۔!"

یہاں کوئی تماشہ ہے کیا جو سب میڈیا والے آرہے ہیں۔۔۔۔۔

دفع ہو جاو سارے۔۔۔۔اقبال چیخنے والے لہجے میں زوردار آواز میں بولا تھا۔۔۔۔ !"

!"آپ پلیز باہر جائیں سب خدارا میری نوکری خطرے میں نہ ڈالیں گارڈ نے ان کے آگے ہاتھ جوڑ دیے تھے کہ وہ چلے جائیں یہاں سے۔۔۔۔۔ !"

بہاولپور کے وڈیرے اور زمیندار ہونے کی حیثیت سے انکا ان کو سارا علاقہ ہی جانتا تھا ان کی بندوقیں اور گاڑیاں اس طرح گھر سے باہر نکلتی تھی کہ پاس سے گزرنے والے لوگ دیکھ کر دنگ رہ جاتے تھے۔۔۔۔۔۔!!"

!!"تم ناشتہ کرلو میں کال سن کر ابھی آیا۔۔۔جیسیکا کو چائے کا کپ پکڑاتے ہوئے وہ

اٹھ کھڑا ہوا اس کا فون بار بار بج رہا تھا اور وہ جانتا تھا کہ یہ فون اسکی ماں کا ہی

ہے۔۔۔۔۔۔کیونکہ یہ نمبر اس کا پرسنل تھا جو سوائے اس کی ماں کے کسی کو نہیں

معلوم تھا۔۔۔۔۔۔ !"

ہیلو۔۔۔۔

جی ماں؟اس نے کمرے سے نکلتے ہی فون کان پہ لگایا تھا۔۔۔۔ !"

تم

تم کیسی اولاد ہو احسن کیسی تمہیں منع کیا تھا میں نے لیکن ایک نہیں سنی تم نے میری

ہماری عزت داؤ پہ ہے جانتے ہو۔۔۔۔

اس کی کال اٹھاتے ہی وہ بھڑک کر بولی تھی۔۔۔۔۔ !

ماں ریلیکس۔۔۔۔

کچھ نہیں ہو گا ہماری عزت کو اور ہم ادھر وہاڑی کے ایک گاؤں لڈن پیڈ اسلام کے میں

ہیں اور ہم یہاں سیو ہیں۔۔۔وہ اپنی ماں کو تسلی دے رہا تھا۔۔۔۔۔۔!!'

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

تم پاگل ہو گئی ہو کیوریا تم نے اپنا قیمتی ہیرے والی رنگ پسندیدہ اس دو ٹکے کی فقیر کو دے دی۔۔۔۔ تم ابھی کے ابھی واپس لو اور اسے کچھ اور دو یہ اسکے کام کا نہیں اور اتنی مہنگی ہے کہ رنگ مجھے ہی دے دو کم سے کم اسکو نہیں دو

عامر چلا کر بولا تھا جو انگھوٹی اس نے دربار کے باہر ایک مانگنے والی کو دے دی تھی۔۔۔۔۔!"

عامر تم کتنے چھوٹے دل کے ہو اپنا دل بڑا کرو۔۔۔ کیوریا نے اپنے بالوں کو باندھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

ہاں یہی سمجھ لو کہ میرا چھوٹا دل ہے لیکن کم سے کم تمہیں اسکو یہ نہیں دینی چاہیے تھی وہ تمہاری سب سے فیورٹ اور مہنگی تھی۔۔۔۔۔ !!'

وہ۔گاڑی کے دروازہ میں کھڑا چلا رہا تھا۔۔۔۔ !"

ہاں میری پسندیدہ تھی لیکن وہ اس لڑکی کو پسند آئی تھی جو وہ مانگ رہی تھی۔۔۔۔۔ !"

افففف تم۔۔۔۔انکا یہ کام ہے کیوریا ابھی بھی ٹائم ہے واپس لے لو۔۔۔۔۔۔وہ کہتا ہوا

گاڑی۔اسٹارٹ کرنے لگا۔۔۔

تم جانتے ہو کیا عامر کہ

میری کچھ عادتوں سے اماں بہت پریشان تھیں

جو میرا ہے وہ صرف میرا ہے اس پہ کسی اور کا کوئی حق نہیں۔۔۔۔۔۔

یہی حال رہا تو زندگی کیسے گزارو گی؟؟

وہ ہر وقت اپنی انتہا پسند بیٹی کو اعتدال سکھانے کی کوششوں میں مصروف رہتیں تھیں

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اپنی من پسند چیزیں بانٹنے اور رشتے نبھانے میں سمجھوتہ کرنے کی تلقین کرتی رہتیں
تھیں اور میں انکی ایک نہیں

سنتی تھی بڑی بیٹی ہونے کے نعطے سب اسے لڑ جھگڑ لیتی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پھر میں نے سمجھوتا کرنا سیکھ لیا

من مارنا سیکھ لیا۔۔۔۔۔۔۔

مگر نجانے کیوں انکی پریشانی ختم نہیں ہو سکی

انہیں نئ قسم کی فکروں نے گھیر لیا ہے۔۔۔۔۔

"اپنا سب کچھ دوسروں کو دے دیتی ہوا تنا ہی آسان ہو گیا تمہارے لئے اپنے حق سے

دستبردار ہونا؟

یہی سب چلتا رہا تو کسی دن تمہارے پاس اپنا آپ بھی نہیں رہے گا

مگر اب انکی بیٹی ___

اس سٹیج پہ ہے کہ کوئی چیز چھن جائے یا گم ہو جائے تو کوئی فرق نہیں پڑتا اور مجھے لگتا ہے

کہ یہ چیز ہر لڑکی میں وقت اور چیزوں کے ساتھ ساتھ آجاتی ہے وہ سمجھوتا کرنا سیکھ جاتی

ہے اور اس وقت اگر کوئی محبوب یا دوست یا چیز بھی کھو جائے تو فرق نہیں

پڑتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔لڑکیاں محبت دوستی یر چیز دل سے نبھاتی ہیں لیکن

جب ٹھوکر لگے تو وہ پہلے سے زیادہ خود کو مضبوط کر کے

سمبھال لیتی ہیں۔۔۔۔ !"

عامر گاڑی چلاتا ہوا باہر کی طرف دیکھ رہا تھا جیسے اس کی باتیں سننے کا دل نہ کر رہا

ہو۔۔۔۔۔۔!"

کیا کروں میں یہ تماشہ کب ختم ہو گا میں خود تنگ ہوں۔۔۔احسن نے اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرا تھا۔۔۔ !"

پھر سے چائے ابھی تو پی ہے۔۔۔وہ جیسیکا کو دو چائے کے کپ لے کر آتے کہہ رہا تھا۔۔۔۔۔

جیسیکا: دیکھ کر نہیں چل سکتے تم ابھی دونوں کپ نیچے گرتے

احسن: میں دیکھ کر چل سکتا ہوں لیکن تم شاید وہ بھی نہیں اس نے جیسے طنزیہ کہا ہو

دیکھیں آپ میرے منہ مت لگیں بحث کہ موڈ میں نہیں ہوں

پورے دو فٹ کے فاصلہ پہ کھڑا ہوں۔۔۔

ہہہ یں

جیسیکا نے ناک رگڑا تھا

میری چائے میں چینی کتنی ڈالی تھی تم نے؟ جتنی صبح کی چائے میں آپ نے ڈالی تھی۔۔۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

میں ایک چمچ ہی ڈالتا ہوں لیکن اتنی میٹھی چائے کبھی نہیں بنی۔۔۔

جیسیکا: انسان کے ہاتھ کی مٹھاس اور چیز بنانے کی لگن بھی ساتھ گھل جاتی ہے شاید اس لیے میری چائے میں ہر بار میٹھا ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ !"

اوہ پھر تو تمہاری چائے کا رنگ کاکروچ جیسا ہونا چاہیے۔۔۔۔ وہ ہنسا تھا۔۔۔۔ !"

اڑالو مزاق تم اڑالو میرا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ گن گن کے بدلے اتاروں گی زرا میرا وقت آنے دو۔۔۔۔"! وہ بولی تھی

عامر تمہارا فون بج رہا ہے اٹھاؤ اسکو اور گاڑی ٹھیک سے چلاؤ کس طرح سے چلا رہے ہو تم۔۔۔ کیوریا نے عامر کو کہا تھا جو گاڑی کو چلا نہیں بلکہ اسکی سپیڈ کو کم زیادہ کر رہا تھا۔۔۔۔۔!"

اوہ ہاں۔۔۔۔ تم۔۔ ہاں۔ تم فون اٹھا کر میرے کان سے لگاؤ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عامر نے اسے کہا تھا۔۔۔۔۔۔

میں؟ کیوریا نے سوالیہ انداز میں کہا تھا۔۔۔۔ !"

ہاں تم جلدی کرو بند ہو جائے گا فون کی چار جنگ پہلے ہی نہ ہونے کے برابر ہے اس نے

جیسے اسے

آگاہ کیا ہو۔۔۔ !"

تم اتنی سج دھج کر کیوں رہتی ہو۔۔۔ کس کے لیے سجتی ہو۔۔۔ڈرانا مقصد نہیں تھا

لیکن عامر اور غصہ دونوں مل

گئے تھے جو کنٹرول سے باہر ہو رہے تھے

جی۔۔۔ وہ ہونک ہو کر سائیڈ پہ بیٹھا عامر کو دیکھا نہ جانے کیوں اب سکو عامر سے خوف

آ رہا تھا

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

یہ روپ کس کے لیے ہے تمہارے شوہر کے لیے؟ کیوریا کی نظر اس کے ہاتھوں پہ

پڑی جو کبھی کھولتے تو کبھی بند ہوتے تھے

نہ نہیں۔۔۔ وہ میری تو ابھی۔ شادی ہوئی نہیں کیوریا کو اس کے اس سوال کی کوئی سمجھ

نہیں آئی تھی اس بات پہ عامر نے سر ہلایا جیسے اس پہ ترس کھایا ہو

!"جانتی ہو فقت تمہارے لیے مجھ جیسے مصروف اور وقت کی قدر کرنے والے

لاگوں کو سات سمندر پار کر کے یہاں جھک مارنی پڑتی۔۔۔ مجھے زہر سے زیادہ لگ رہا تھا

وہ شخص جب تم مجھ سے بحث کر رہی تھی اور وہ تمہیں تاڑ رہا تھا میرا خون کھول رہا تھا

!"اب وہ بالآخر بولا تھا جو وہ پہلے۔چپ چاپ کیوریا کو سنتا جا رہا تھا لیکن وہ سہم گئی تھی جیسے اس کا سانس رک گیا ہو اس کے چہرہ پہ۔عجیب رنگ۔آ جا رہے تھے

آہاں۔۔۔۔یہ ہوئی نہ بات کیا کمال ہے۔۔۔۔وہ کھل کر مسکرائی تھی۔۔۔۔

ہاں اب یہی بیٹھ کر خوش نہیں بلکہ اٹھ کہ ہمارے نکاح کی تیاری کرو اور لال سرخ رنگ کا جوڑا پسند کرو گی تم ابھی میرے ساتھ چل کے۔۔۔۔!"

احسن نے جیسیکا کو کہا تھا جو صوفے پہ گود میں کوشن لیے بیٹھی تھی۔۔۔۔۔۔!"

اچھا دو منٹ رک جاؤ بس یہ ڈرامہ ختم ہو لینے دو ترکش ڈرامہ ہے آؤ تم بھی دیکھو۔۔۔۔اس نے اسکا ہاتھ پکڑ کر اسے اپنے پاس جگہ دی تھی

بیٹا بلکل ایسا ہی ہے وقت کے ساتھ ہر چیز قدر کھو دیتی ہے اور احمد تم جانتے ہو کیا کہ تمھیں ابھی زندگی میں بہت

چیزیں دیکھنے کو ملیں گی۔۔۔

ہمم لیکن اماں ڈر لگتا ہے چیزوں کے چھن جانے سے

احمد اب بچوں جیسی معصومیت سے بولا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ !"

ارے میرے شیر بیٹے میں بھی ایسی ہی ڈرتی تھی اور بہت چیزوں کے چھن جانے پہ

خوف کرتی تھی ہر چیز کو سمبھنال کر رکھتی تھی

!!"میں وہ لڑکی تھی کہ اگر مجھے کوئی پیار سے ایک چاکلیٹ بھی دلا دیتا تو میں اسے

کھانے کے بعد اسکا ریپر اپنی کسی کتاب میں سنبھال کے رکھ لیتی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کہ یہ مجھے اس شخص کی محبت میں دیئے گئے تحفے کی یاد دلاتا رہے گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور چند

سال پہلے تک میرے پاس تحائف سے زیادہ تعداد میں انکے ریپرز جمع ہو گئے تھے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔مگر نجانے کیوں اب مجھے چیزوں سے لگاؤ نہیں ہوتا

تحفے سنبھال کر نہیں رکھتی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

خوش کن موقعوں پر لی گئی تصویریں

اور حسین لمحات میں کی گئی چیٹس ڈیلیٹ کر دیتی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بہت محبت سے پیٹ کاٹ کر خریدی ہوئی اپنی قیمتی چیزوں کو ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوتے

دیکھ کر رتی برابر ملال نہیں ہوتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہمارا گھر جہاں میرے بچپن کا حسین دور گزرا ہے دو سال پہلے چھوڑا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مگر کبھی پلٹ کر وہاں نہیں گئی لوگوں کو میرے اس رویے سے شکایت ہوتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہ میں ناقدری ہو گئی ہوں مجھے اب چیزوں کی قدر نہیں رہی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میرے جذبوں سے وہ گرم جوشی ختم ہو گئی۔۔۔۔۔۔۔۔

مگر میرا چیزوں سے دل اٹھ جانا تو حق بجانب ہے کہ جن بے مول سی چیزوں کو میں محض اس وجہ سے سنبھال کر رکھتی رہی کہ ان سے جڑے لوگ میرے لئے انمول ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔انہوں نے میری محبت کی اس ادا کی قدر نہیں کی وہ تو میری اپنے لئے اس قدر والہانہ محبت دیکھ کر بھی میرے ساتھ نہیں رکے بس اپنی چیزوں کو میرا منہ چڑانے کیلئے میرے پاس چھوڑ گئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسلئے اب میں نے چیزیں سنبھال کے رکھنا چھوڑ دی ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کہ ان بے جان اشیاء کو سنبھال سنبھال کے رکھنا ان سے جڑے انسانوں کی ہماری زندگی میں رہنے کی گارنٹی کہاں دیتا ہے اور اگر ایسے انسان واپس مل بھی رہے ہو تو دل اچاٹ گیا ہوتا ہے جو انسان چیز کچھ بھی واپس نہیں لینا چاہ رہے ہوتے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ !!"

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

چاہ ہی ختم ہو جاتی ہے رشتے اور دوستیاں جب ایک بار دل سے اتر

جائیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔"!وہ سامنے کھڑکی کو دیکھ کر بول رہی تھی جیسے بلکل کسی۔

گہری۔سوچ میں چلی گئی ہو۔۔ !"

اچھا نہ ماں چھوڑیں آئیں میں آپ کو بتاتا ہوں میسج کیسے کرتے ہیں اب موڈرن ماں

بنیں۔۔۔۔احمد نے اٹھ کر اسے اپنا موبائل

ہاتھ میں پکڑایا تھا۔۔۔۔۔۔۔ /"

اس کو استعمال کیسے کرتے ہیں۔۔۔وہ فون ہاتھوں میں لیے۔اسے گھور رہی

تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ !"

اوہ میری ماں۔۔۔۔۔ !"

ان باکس اوپن کریں۔۔۔۔۔وہ کیا ہوتا ہے اسکی ماں نے ایک نظر اسے اور ڈرتے

ہوئے ایک نظر ہاتھ میں پکڑے فون پہ ڈالی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ !!"

یہ ہوتا ہے ان باکس۔۔۔اس نے ٹچ فون پہ ایک ایپ اوپن کر کے اسے دی تھی جس

میں کافی لوگوں کی چیٹ تھی۔۔۔۔۔۔ !"

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

اچھا یہ اس کو کیا کہتے ہیں؟اس نے پوچھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ !"

اماں اب یہ نیو میسج اس پہ کلک کریں۔۔۔۔۔احمد نے ماں کی انگلی پکڑ کر اس جگہ کلک کی تھی۔۔۔ !"

ہائے اللہ یہ کیا کھل گیا ہے۔۔۔اس کی بات پہ احمد۔زور سے ہنس۔پڑا تھا۔۔۔۔۔ !"

آواز سارے ٹی وی لاونچ میں گونجی تھی۔۔۔۔۔/!"

نہیں نہیں یہ اس طریقے سے نہیں کرناماں۔۔۔۔۔ !!"

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

اس کو کی۔بورڈ کہا کرتے ہیں اب یہ۔جو اے۔بی۔سی۔۔لکھا ہوا ہے ناں کو کلک کریں۔۔۔۔۔۔۔/!!"

کریم تم اپنے بابا اور اس انکل سے بات کروناں کے وہ ہمارے نکاح کے گواہ بن جائیں۔۔۔۔۔ریتلی زمین پہ بیٹھا احسن کریم کو کہہ۔رہا تھا۔۔۔۔ !"

گواہ؟کریم نے ایک نظر احسن کو دیکھا تھا۔۔۔۔۔"!ہاں کریم گواہ کیونکہ ہمارے تو یہاں تم جانتے ہو کوئی نہیں ہے گواہ کے لیے۔۔۔۔۔احسن نے اس لہجے میں بولا جیسے

وہ التجا کر رہا ہو۔۔۔۔۔۔۔ !"

بھائی مشکل ہے منانا پڑے گا لیکن میں بات کرتا ہوں گھر جا کر ابھی کام سے واپس گھر ہی جا رہا ہوں۔۔۔۔"! کریم نے اسے جیسے تسلی دینے والے انداز میں کہا ہو۔۔۔۔۔ !"

آحسن اس کو منظروں سے غائب ہونے تک دیکھتا رہا وہ نا جانے کیا سوچ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ !"

دروازہ بج رہا ہے باہر دیکھو جا کر کوئی۔۔۔۔۔احمد گارڈن میں بیٹھا اونچی آواز میں بولا تھا دروازہ زور زور سے بج رہا تھا جیسے مقصد بجانے کا نہیں دروازہ توڑنے کا ہو۔۔۔۔۔۔۔۔ !!'

جی احمد۔سائیں میں کھولتا ہوں۔۔۔۔گارڈ نے اپنی حویلی سے نکلتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ !"

رک جاؤ کھول رہا ہوں کیا آفت آئی ہوئی ہے۔۔۔۔۔انور نے شال کندھے سے سیٹ کی تھی۔۔۔۔۔۔۔ !"

!"یہ بوڈی۔۔۔وڈیرہ حیدر شاہ اوران کے ساتھ ایک۔ڈرائیوراور گارڈ کو نامعلام۔افراد نے فائرنگ کر کے قتل کر دیا ہے یہ ان تینوں کی۔ڈیتھ بوڈی۔۔۔۔۔۔ !"

وہ آدمی باری باری تابوت رکھ کر باہر نکل گئے۔۔۔

انور بلکل سن ہو گیا تھا جیسے اس کے کانوں میں سسسسسسسس کی آواز آرہی ہو اسے کچھ سنائی نہ دے رہا ہو اس کی نظریں ان تابوتوں پہ جم۔گئ تھی وہ بلکل ساکن ایک جگہ کھڑا تھا جیسے اسے پتا نہ ہو کہ ہوا سے پتا بھی ہل رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ !"

احمد اا

آہستہ آہستہ قدم اٹھاتا ان تابوتوں کی طرف دء کھتا ان کی طرف بڑھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ !!"

یہ یہ کیا ہے یہ کیا ہے۔۔۔۔۔۔"!احمد نے آہستہ آواز میں کہا تھا وہ ان کی طرف بڑھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔!"

ملک صاحب ایئے آیئے بیٹھیے۔۔۔۔۔اس آفیسر نے اقبال کو بیٹھنے کا کہا

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

تھا۔۔۔۔۔۔"!تم یہ بتاؤ اتنی

ایمر جنسی میں کیوں فون کیا تھا اقبال نے فون پہ ملا میسج دیکھ رہا تھا جس میں یہ لکھا تھا کہ

موت کے گھاٹ اتار دیا ہے ڈن۔۔۔۔۔۔"!اس نے ایک لمبا سانس لیا

تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔!"

چوہدری صاحب آپ نے جو نمبر دیے تھے ٹریس کے لیے ان میں سے ایک کی کال

فون سے بات کی گئی ہے گجرانوالہ سے وہاڑی کے کسی گاؤں کا نام لیا گیا ہے آپ کال

سنیں۔۔آئیں میرے ساتھ۔۔۔۔پولیس آفیسر نے اقبال کو بتایا تھا

سرخ جوڑے میں ملبوس جیسے ہی اس نے کمرے سے باہر قدم رکھا۔اس کا استقبال اس

انداز میں کیا گیا کہ اس کے قدم وہی رک گئے۔۔۔۔۔'!!وجود وہی شل ہو گیا تم اس

بات پہ کتنی خوش ہو گی کہ ہم تمہارے نکاح میں شرکت کرنے آئے ہیں۔۔۔۔

وہ بلکل جیسے سن ہو گئی ہو

حیدر کی تدفین سے کئی لمحے پہلے وہ اسکے تابوت سے لگا بیٹھا

کو تکے نہ جانے وہ کون سا عہد باندھ رہا تھا وہ شاید حیدر نے اسے تھمایا تھا تبھی وہ ان چند

لمحوں میں بہت بڑا ہو گیا تھا پروین چونکہ بیوی تھی کبھی باتیں یاد کر کے رو لیتی تھی کبھی ہنس لیتی تھی اس وقت صرف احمد ہی تھا جو اس کو تسلی دے رہا تھا

انور کرسی پہ بیٹھا گھنٹوں سے بیٹھے اس چاندنی کے مجسمے کو دیکھ رہا۔ تھا وہ اسے تکے جا رہا تھا حیدر کو چاند سے باتیں کرنا بہت پسند تھیں اسے لگتا تھا کہ چاند بیت ہمراز ہے لیکن انہیں تو چاند سے باتیں کرنا بھی نہیں آتی تھیں چاند بھی ہر شے کو چاندنی بخشے اداس کا ایک کونے میں کھڑا خالی خالی نظروں سے گھر کو تک رہا تھا ایک وہی تو تھا جو اسکی باتیں سمجھ سکتا تھا۔۔۔

لان میں لگے۔ پودے اور درخت جھوم کر اپنے ہونے کا پتا دے رہے تھے منڈیر کے اس پار سے

کسی نے جھانکا تھا اسے لگا تھا وہ جھانکے گا لیکن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

!!"وہ حیدر کا جگری دوست تھا جس کو اندر آتے ہی حیران اور پریشانی کے ساتھ تابوت لی طرف بڑھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ایک۔ قدم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دو قدم۔۔۔۔۔۔۔ تین قدم۔۔۔۔۔۔۔لوگوں سے نظر دور ہوتی نگاہ سامنے تابوت کے شیشہ پہ پڑی۔۔۔۔۔۔

چہرہ جانا پہچانا تھا

حیدر۔۔۔۔۔۔اس نے بے یقینی سے الفاظ ادا کیے

تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ !!"

!"اوئے میں کیا لگ رہا ہوں دوست۔۔۔اسکی آواز سماعت سے ٹکرائی

تھی۔۔۔۔۔۔۔

آدم بیزار۔۔۔۔اسکی کھلاہٹ کی آواز آئی تھی۔۔۔۔۔۔

اوئے میں جا رہا ہوں۔۔۔۔اسکا وہ آخری فقرہ کہیں فضا میں گونج رہا تھا کوئی ایسے بھی

جاتا ہے کیا۔۔۔۔۔"؟

اسے وہ سخت زہر۔لگ رہا تھا اس کی حرکتیں۔مزاق اسے کبھی کبھی۔غصہ دلاتی تھیں

لیکن اس نے یہ تو نہیں چاہا

تھا کہ وہ چلا جائے۔۔۔۔۔۔

حیدر کی۔آخری۔خواہش تھی کہ اسے اس کے باپ کے پاس دفنایا۔جائے انور کرسی

پہ بیٹھا بولا تھا۔۔۔۔۔

!"ٹھیک ہے احمد نے مختصر ساجواب دیا تھا یہ خواہش تو وہ بہت پہلے سے جانتا تھا پرانا۔ ملازم جو تھا اور اکثر مزاق باتیں ہوتی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔

صبح کا سورج شاید نکلنے کے موڈ میں نہیں۔ تھا بادل بھی ایک۔ جگہ ٹھہرے برسنے کے لیے تیار تھے اور پھر۔ بادلوں سے بھی صبر نہیں ہوا اور وہ قطرہ قطرہ برسنے لگے

تم یہاں؟

تم یہاں کیا کر ہو اور کیسے۔ پہنچی۔۔۔۔۔۔۔جیسیکا سرخ رنگ کے کپڑوں میں ملبوس اسے دیکھ کر دنگ رہ گئی تھی۔۔۔۔۔!"

میری پیاری بہن۔۔۔۔۔تمہارے نکاح میں شرکت کے لیے آئی ہوں کیوریا نے اس کے سامنے کھڑا ہو کر کہا۔۔۔۔

جیسیکا اسے گھورتے جا رہی تھی۔۔۔۔

کم آن جیسیکا آؤ بیٹھو بہت پیاری لگ رہی ہو اور دیکھو گواہ بھی موجود ہیں اور مولوی بھی۔۔۔۔۔

آؤ بیٹھو نکاح میں دیر ہو جائے گی۔۔۔۔۔۔کیوریا اس کا ہاتھ پکڑا تھا۔۔۔۔۔ !"

اوہ۔۔۔۔

آؤ جی آؤ سسر جی۔۔۔۔۔

کیسے ہیں آپ۔۔۔

احسن نے دروازہ میں کھڑے اقبال کو دیکھ کر کہا

تم دونوں کا گیم ختم میرے شہزادے۔۔۔۔۔اس گھٹیا انسان۔سے اچھا تھا تم مر جاتی۔۔۔۔۔۔۔ !"

اقبال نے روعب دار آواز میں جیسیکا کی طرف انگلی کر کے کہا تھا۔۔۔۔۔ !"

خبردار جو کسی نے ایک لفظ بھی اس کو کچھ بولا جیسیکا بولی تھی

یہ نکاح نہیں ہو گا تم ایک مسلم لڑکے سے شادی نہیں کر سکتی۔۔۔۔اقبام نے۔اونچی آواز میں کہا تھا

گارڈ بندوقیں اٹھائے احسن اور جیسیکا کے ارد گرد جمع تھے۔۔۔۔۔ !"

کریم۔۔۔۔۔احسن نے کریم کی طرف دیکھ کر سر۔ہلایا۔تھا جیسے کوئی اشارہ دیا ہو وہ ان کو باتوں میں

مگن۔ہوتے ہی چپکے سے پیچھلے دروازے سے باہر نکلا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔"/

لیکن کیوں بابا کیوں۔۔۔۔

ہم لوگ اللہ کتاب ہیں رسول۔اللہ کو مانتے ہیں یہ لوگ حضرت عیسی کو مامتے ہیں مسلم لڑکی لڑکا کا اور ہمارا نکاح ہو سکتا ہے اور میں کر کے رہوں گی۔۔۔۔۔۔ !"

جیسیکا چلا کر بولی تھی

!"خبردار

میرے پاس بھی مت آنا جیسیکا ایک۔گارڈ کو اس کے پاس ایک۔قدم۔اتے ہوئے بولی۔تھی۔۔۔۔۔ !"

تم۔۔۔۔

تمھیں کس چیز کی لالچ تھی جو تم نے یہ سب کیا پیسے چاہیے ہوتے تو لے لیتے مجھ سے مانگتے۔۔۔۔۔

اقبال نے۔احسن کی طرف ترسی نگاہ۔ڈالی تھی جیسے وہ کسی مانگنے والے کو آفر دے رہا۔ہو۔۔۔۔۔۔۔ !!'

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

کریم کا باپ اور وہ۔ شخص سہمے ہوئے دیوار کے ساتھ لگ کے کھڑے

تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔"!

پیسہ۔۔۔۔۔۔ہاہاہاپیسہ۔۔۔۔۔"!احسن کہہ کر زور سے ہنس پڑا تھااسکی آواز پورے

کمرے میں گونجی

تھی۔۔۔۔ !"

!"آپ یہاں۔۔۔۔۔

اقبال نے پیچھے مڑ کر۔دیکھا تھاجہاں کچھ ٹی وی کے لوگ کیمرہ آن کر کے لائیو کورج

کررہے تھے۔۔۔ !

!"سر۔۔۔آپ کے باباکا قتل ہو۔گیاہے کیاآپ اس بات سے انجان یہاں ہیں۔

اس وقت۔۔۔۔۔۔۔۔۔"!

ایک اینکر نے کیمرہ۔آن کیاہوااس سے سوال پوچھا تھا۔۔۔۔۔۔"!

واٹ؟قتل؟کب؟

وہ بمشکل تین الفاظ بول کر دیوار میں جا۔لگا۔تھا

سمبھالو خود کو۔۔۔۔۔۔

جیسیکا نے اسے پکڑا تھا۔۔۔۔۔۔۔

"! گر تو ویسے ہی گئے ہو مر۔ہی جاؤ تو اچھا ہے اقبال نے شرارتی ہنسی میں کہا۔ تھا

دیکھو دیکھو تماشہ لائیو دیکھاو کہ یہ لڑکا پیسہ کے لیے لڑکیوں کو بھگا کر لاتا ہے اور اس

صدمہ سے اسکا باپ مر گیا

اقبال نے ہنستے ہوئے کہا تھا

ایک گارڈ نے پستول۔اسٹارٹ کر کے احسن کی طرف کی۔ تھی۔۔۔۔۔۔

اب ساتھ چلو ورنہ اسکو یہی گولیوں سے بھون۔دوں گا اقبال نے جیسکا کا۔ بازو زور

سے پکڑا تھا

نہیں میں نہیں جاؤں گی مارنا ہے تو مجھے مارو گولی۔۔۔۔۔۔جیسیکا بولی۔ تھی

اوہ ہیلو۔یہ پیچھے کرو گن اس سے۔۔۔

جیسیکا نے۔احسن کی۔طرف اشارہ کیا تھا

جیسا کہ آپ سب کہ دیکھ رہے ہیں کہ اقبال صاجب ایک لڑکا پہ الزام لگا رہے ہیں

صرف اس لیے کہ اسکی بیٹی دنیا

کے سامنے بری نا بنے۔۔۔۔

اففف۔۔۔۔یہ کیا کر دیا تم نے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کیمرہ من چلایا تھا اس پہ کسی نے

ڈنڈے سے حملہ کیا تھا جس سے وہ گر پڑا تھا

تمہیں شرم و حیا نہیں ہے تم اتنا ظلم کر رہے ہو کریم کے باپ نے اقبال کے سامنے ہو

کر کہا

اوہ چل تو اپنا کام کر

اقبال نے کہہ کر اسے دھکا دیا تھا جس سے وہ زمین پہ جا گرا تھا

آخری بار تم سے کہہ رہا ہوں میرے ساتھ چلو ورنہ یہ گولی اسکے سر پہ چلے گی

اس نے جیسیکا کا ہاتھ زور سے پکڑا تھا۔۔۔۔۔

رکو زرا۔۔۔۔

چھوڑو مجھے۔۔۔۔۔میں کرتا ہوں بات۔۔۔۔احسن خود کو چھڑا کر اٹھ کھڑا ہوا

تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔!"

سنیے۔۔۔۔۔سسر جی۔۔۔۔۔

سسر نہیں تیرا ابرا وقت۔۔۔اقبال نے اسکو ٹوکا تھا۔۔۔۔

نہیں نہیں سسر جی۔۔۔۔آپ تو میرے سسر ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مطلب ؟اقبال اور صوفہ پہ بیٹھی کیوریا نے ایک دوسرے کی طرف دیکھا

بیگم۔۔۔۔۔۔۔۔مطلب سمجھاؤناں سسر جی کو۔۔۔۔۔۔۔

احسن نے جیسیکا کی طرف اشارہ کیا تھا۔۔۔۔۔

وہ۔۔۔۔

ہم لوگ نکاح کر چکے ہیں یہ نکاح لوگوں کو دیکھانے کے لیے تھا کہ ہمارا حلال رشتہ

ہے اس پہ کسہ

قسم کی انگلی نہ اٹھائی جائے۔۔۔۔۔۔

جیسیکا بولی تھی۔۔۔۔۔

!!"چلواب مجھے سنواب میری باری۔۔۔۔۔۔

انکل اپکو یاد تو ہو گا کہ آپ نے ایک دن مجھے تھپڑ مارا تھا کالج کے باہر میرے سارے دوستوں کے سامنے محض اس بات پہ کہ آپکی بیٹی خود میرے پاس س دن کالج آئی تھی اور آپ نے میری عزت اتاری تھی۔۔

احسن اقبال کے ار گرد گول گھوم کر بول رہا تھا

!"ہاں....یاد ہے بہت اچھے سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پھر سے کھانا ہے کیالائیو کورج۔۔۔۔۔اب تو دنیا دیکھے گی اقبال نے اسکی انکھوں میں دیکھتے ہوئے بولا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ !!"

!!"متوجہ ہوں زراسب۔۔۔۔۔

کیمرہ مین کیمرہ۔سامنے رکھنا ہمارے۔۔۔۔۔۔۔۔

"!اس دن آپ نے جو مجھے تھپڑ مارا تھا اسکا بدلہ یہ ہے کہ۔۔۔۔۔۔۔

میں تمہیں طلاق دیتا ہوں جیسیکا طلاق طلاق۔۔۔۔۔۔

الفاظ جیسے سارے گھر کی۔در و دیوار میں گونج رہے ہو کانوں میں۔آواز رک گئی ہو

بت بنی اس کو دیکھتی جیسیکا نیچے گر پڑی۔۔۔

یہ اس تھپڑ کا جواب ہے جو اس دن آپ نے مجھے مارا تھا...آپ نے مجھے ایک مارا اور میں نے ساری زندگی کے لیے بیذ ذت کر دیا آپ کو۔۔۔۔۔۔!"

جاؤ لے جاؤ اپنی بیٹی کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آپکی یہی عزت آپکے گھر جائے گی۔۔۔۔۔۔

احسن نے اب اسکے کان کے قریب ہو کر کہا تھا

سب بلکل سناٹا پڑ گیا تھا سب خاموش تھے۔۔۔۔۔۔!"

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

اقبال اسکی طرف دیکھے جا رہا تھا یا شاید اب اسکے پاس الفاظ نہیں تھے کچھ کہنے کو۔۔۔۔۔۔۔۔!"

*****

!!"میں آگیا ہوں ماں آگیا ہوں دیکھو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

احسن نے روتی اور بیمار ماں کے پاس بیٹھا تھا جو بیہوشی میں احسن کا نام لے رہی تھی۔۔۔!"

تم نے یہ سب کیوں کیا۔۔۔۔کیوں۔۔۔۔۔۔

کہیں نہ کہیں تم سب اسکے زمہ دار ہو احمد احسن کو کہہ رہا تھا جو ماں کو یقین دلا رہا تھا کہ وہ واپس اگیا ہے خطرے میں نہیں ہے۔۔۔۔

*****

تم اسے ایسے کیوں دیکھ رہی ہو جیسیکا۔!!!...

دیکھ رہی ہوں جسے رب سے رو کر مانگا جائے اس کا چہرہ کیسا ہوتا ہے؟؟؟

پھر کچھ معلوم ہوا؟؟؟

کیوریا نے اسکے بال بناتے ہوئے پوچھا

ہاں اس کے چہرے پر لاپرواہی کا غرور ہوتا ہے۔۔آنکھوں میں آنا کی دیواریں اور رخساروں پر بے حسی کی چادر ہوتی ہے، چلتا ہے تو مانگنے والے کا کاسہ اپنی ٹھوکر پہ رکتا ہے، بولتا ہے تو اس کے ہونٹوں تلے مانگنے والوں کی دعائیں جذبوں سمیت کچلی جاتی ہیں۔۔۔

جب اسے نہیں مانگا تھا تو لگتا تھا بہت قریب ہے اتنا کے رستہ اس کی طرف موڑا تو اسی

موڑ پہ کھڑا ملے گا اور اب لگتا

ہے دو کلو میٹر کی دوری چاند سے بھی طویل ہو گئی ہے۔۔۔!!!

پھر کیا سوچا ہے کیوریا نے سوال کیا تھا

وہ ایسا ہے کہ اسے سوچو تو سوچوں کو اضطراب ملتا ہے نا سوچوں تو بے چینی ہوتی ہے۔

اسے مانگوں تو اپنا آپ فقیر لگتا ہے، نا مانگوں تو حقیر ہو جاتی ہوں۔۔۔!!!

تم اور تمھاری باتیں دونوں عجیب ہیں۔۔۔

وہ جا چکا ہے اسے مت دیکھو!!!

کیوریا اسے سمجھانا چاہ رہی تھی شاید

وہ تو ہمیشہ ہی چلا جاتا تھا بس میں اور میری آنکھیں ہی رستے میں رہ جاتی تھیں جم جاتی تھیں۔۔!!

جن آنکھوں میں مسلسل خواب میں وہ اپنی گرہ باندھ کر جائے انہیں یقین دلانا ناممکن ہے۔۔۔

آج وہ پھر سے چھوڑ گیا مجھے انتظار کی راہ اور تکتی آنکھوں کے ساتھ۔۔۔۔۔

اس نے مجھے بدلہ لینے کے لیے استعمال کیا ہے

!"کیا محبت صرف مجھے تھی؟ جیسیکا نے کہا تھا جیسے اسکے الفاظ کمرے میں گونج کر

واپس اس کے آگے اکر چیخ رہے ہوں

ایک شور۔۔۔۔

الفاظوں کا۔۔۔۔۔۔۔۔۔!!"

******

مجھے نہیں پتا احمد میں نہیں جانتا کیوں لیکن

وہ پہلی لڑکی سے جس سے میرا دل خود چاہا کہ میں دوستی کروں

وہ تخیلات کی وادیوں میں کھوئی کسی حسین مگر ظالم شہزادی جیسی

ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جسکے ہر پہلو پہ اگر کتاب لکھی جائے تو ایک ہزار ایک

راتوں جتنی لمبی الف لیلوی داستان تیار ہو جائے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ بہت بہادر اور مضبوط ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جو خوابوں کے ٹوٹ جانے کا غم

نہیں کرتی کیونکہ وہ پھر سے نیا خواب بُن لیتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ مجھے میرا اپنا آپ لگتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔جیسے ہم دونوں کا مسجمہ گوندھتے ہوئے

فرشتوں نے اسکے حصے کی کچھ مٹی میرے وجود کو بھی لگادی ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکی محبت ایسی ہے جو میری آنکھوں کو کئی بار نم کر جاتی ہے

میں برملا یہ اظہار کرنا چاہتا تھا اس سے مجھے اس سے سچ میں عشق ہوا تھا اور اب بھی ہے

اب بھی دن کے کسی پہر سوچوں تو وجود اس کے لیے تڑپتا ہے ایک سکوں۔اور بے

چینی ہونے لگتی ہے جو اسکے پاس کی ہوتی ہے دل اور سکون اسکی ایک جھلک سکون کے

لیے چاہ رہا ہوتا۔ہوں

"ہاں مجھے اس سے محبت تھی لیکن اس کے باپ کی وجہ سے مجھے یہ کرنا پڑا کیونکہ اس

نے میری عزت کی دھجیاں اڑائی تھی بیچ سڑک پہ۔۔۔۔۔

احسن احمد کا ہاتھ پکڑ کر اسے بتا رہا تھا

کہ اسنے یہ سب کیوں کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔!"

اب جو کرنا تھا ہونا تھا وہ ہو گیا ہے لیکن ہاں اس سب کے پیچھے بھی اسی کے باپ کا ہاتھ

ہے جو بابا پہ حملہ ہوا۔۔۔

لیکن اب ایسا کچھ نہیں کرنا کہ جسکا سامنا ہمیں کرنا پڑے۔۔۔۔۔۔

ہمم۔۔۔۔

احسن نے جواب میں کہا وہ کسی سوچ میں گم تھا

یہ نیچے کیا بکواس کی ہے تم نے احمد؟

شرٹ دھودوں۔۔۔۔میں تمھیں دھوبن نظر آرہا ہوں کیا

!"اچھا تو میں نے بکواس کی ہے تو تم نے کیا حرکت کی ہے

احمد اور احسن دونوں ہنس پڑے تھے انکو دیکھ کر پروین بھی ہنس رہی تھی

*****

!"میں موو نہیں کرسکتی آگے اسکے بغیر ایک قدم کیا کچھ سوچ ہی نہیں سکتی میں کیسے

دنیا کا سامنا کروں گی اس دن وہ تماشا ساری دنیا نے دیکھا

تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جیسیکا سر ہاتھوں میں پکڑے اپنے بال نوچ رہی تھی کمرے میں کوئی نہں تھا

تھا اگر کچھ وہاں تو۔۔۔۔۔۔جیسیکا

احسن کا دھوکا

ڈھیروں باتیں

دنیا کے سوالات

ڈر

خوف۔۔۔۔۔

اور پچھتاوا۔۔۔۔

نادانیوں پہ شاید کچھ اشک بھی۔۔۔۔۔۔!"

زندگی کے ڈرامے میں سب سے اہم ٹوئسٹ کسی پیارے کے بچھڑ جانے کا ہوتا ہے جو
پوری کہانی کا رخ بدل کہ رکھ دیتا ہے

جب کہانی ختم ہو جائے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تو یہ نہیں سوچتے کہ فلاں کردار کی کون
کون سی چیز ادھوری رہ گئی؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کاش وہ ایسا کر لیتا کاش وہ ویسا کر
لیتی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کہانی ختم ہو چکی آخری صفحے کا آخری لفظ ہو

چکا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ادھوری چیز ادھوری ہی ختم ہو جائے تو مان لو کہ وہ مکمل ہو چکی کیونکہ وہ پوری نہیں ہو سکتی !

!!"کچھ ایسی ہی کہانیاں ہماری زندگیوں میں بھی ہوتی ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔جو ادھوری ہی ختم ہو جاتی ہیں بجائے بار بار صفحے پلٹنے کے تسلیم کی خو ڈال لینی چاہیے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کہ کہانی ختم ہو چکی اب اس کا ادھورا پن ہی مکمل ہے۔۔۔۔۔

زندگی رکنے کا نام نہیں ہے ہم سے کسی چیز یا انسان کا کھو جانا سے زندگی موو آن رہتی ہے بس اگر ہم ایک بار خود سے ہمکلام ہو کر ہمت باندھیں تو ایک وقت ایسا بھی آتا ہے کہ آپکو اس چیز شخص کا خیال ہی نہیں۔آتا زندگی بہت۔خوبصورت ہے اس کو اپنے لیے آسان بنائیں کسی چیز کا رونا نہ۔روئیں اور موو آن رہیں زندگی میں۔۔۔۔۔

ختم شدہ

ہماری ویب میں شایع ہونے والے ناولز کے تمام جملہ و حقوق بمعہ مصنفہ کے نام محفوظ ہیں۔

ہمیں اپنی ویب نیو ایرا میگزین(New Era Magazine)کیلئے لکھاریوں کی ضرورت ہے۔اگرآپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،آرٹیکل،شاعری،پوسٹ کروانا چاہیں تو اردو میں ٹائپ کر کے مندرجہ ذیل ذرائع کا استعمال کرتے ہوئے ہمیں بھیج سکتے ہیں۔

(Neramag@gmail.com)

(انشااللہ آپ کی تحریر ایک ہفتے کے اندر اندر ویب پر پوسٹ کر دی جائے گی۔مزید تفصیلات کیلئے اوپر دیئے گئے رابطے کے ذرائع کا استعمال کر سکتے ہیں۔

شکریہ ادارہ: نیو ایرا میگزین